25-07-2024 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ ریاستی حکومت نے آج اسمبلی میں سال 25-2024 کے لئے دولاکھ 91 ہزار 159 کروڑ روپے کا بجٹ پیش کیا۔

☆ بی آر ایس کے صدر کے چندر شیکھر راؤ نے ریاستی بجٹ پر اپنے عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اسے حقیقت سے بعید قرار دیا ہے۔

☆ کانگریس کے قائدین نے مرکزی بجٹ پر ردعمل ظاہر نہ کرنے پر سابق چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔

☆ بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے دلی کے جنتر منتر پر غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی حکومت نے آج اسمبلی میں سال 25-2024 کے لئے دولاکھ 91 ہزار 159 کروڑ روپے کا بجٹ پیش کیا۔ ڈپٹی چیف منسٹر و وزیر فینانس بھٹی وکرما آرکا نے اسمبلی میں بجٹ پیش کیا جبکہ امور مقننّہ کے وزیر ڈی سریدھر بابو نے قانون ساز کونسل میں بجٹ پیش کیا۔ گزشتہ سال ڈسمبر میں اقتدار پر آنے کے بعد کانگریس حکومت کا یہ پہلا مکمل بجٹ ہے۔ وزیر فینانس نے زراعت اور اس سے جڑے دیگر شعبوں کیلئے سب سے زیادہ رقم مختص کرتے ہوئے فلاحی اسکیموں، انفراسٹرکچر اور مالیاتی ڈسپلن پر زور دیا۔ بجٹ میں مالیاتی مصارف کیلئے دولاکھ بیس ہزار 945 کروڑ روپے اور کیپٹل مصارف کیلئے 33 ہزار 487 کروڑ روپے فراہم کئے گئے ہیں۔ وزیر فینانس نے اپنی تقریر میں کہا کہ ریاستی حکومت مالیاتی ڈسپلن اور قرضے کم کرنے پر توجہ دیتے ہوئے سابقہ حکومت سے ورثہ میں ملنے والے مالی مسائل سے نمٹنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کی مجموعی گھریلو پیداوار یعنی جی ایس ڈی پی میں گزشتہ سال کے مقابلے 11.9 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ جی ایس ڈی پی اب چودہ لاکھ 63 ہزار 963 کروڑ روپے ہے۔ ریاست کی شرح ترقی 7.4 فیصد رہی جو قومی اوسط 7.6 فیصد سے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام کے لئے بجٹ میں مالیاتی اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔ بجٹ میں زرعی شعبہ کیلئے 72 ہزار 659 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ درجہ فہرست اقوام کی ترقی کیلئے 33 ہزار 124 کروڑ روپے، قبائیل کی ترقی کیلئے 17 ہزار 56 کروڑ روپے، تعلیم کیلئے 21 ہزار 292 کروڑ روپے، پسماندگان طبقات کی بہبود کیلئے 9 ہزار 200 کروڑ روپے، توانائی کیلئے 16 ہزار 410 کروڑ روپے، صحت کیلئے 11 ہزار 468 کروڑ روپے، حیدرآباد کی ترقی کیلئے 10 ہزار کروڑ روپے، عمارات وشوارع کیلئے 5 ہزار 790 کروڑ روپے، اقلیتی بہبود کیلئے 3 ہزار کروڑ روپے سے زائد، صنعتوں کیلئے 2 ہزار 762 کروڑ روپے، جنگلات اور ماحولیات کیلئے 1 ہزار 64 کروڑ روپے اور لا اینڈ آرڈر کیلئے 9 ہزار 460 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

کتہ گوڑم اور ملگو ضلعوں کی سرحد پر جنگلات کے علاقہ میں آج پولیس اور ممنوعہ ماؤنوازوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ جس میں ایک نکسلائیٹ ہلاک ہوگیا۔ یہ واقعہ بھدرادری کتہ گوڑم ضلع کے گنڈالا منڈل میں اس وقت پیش آیا جب گرے ہانڈس اور اسپیشل پارٹی کے جوان تلاشی کی کاروائی میں مصروف تھے۔ مہلوک نکسلائیٹ کی شناخت ملوگو ضلع کے گھن پور منڈل کے بدھارم گاؤں کے اشوک کی حیثیت سے ہوئی ہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے صدر کے چندر شیکھر راؤ نے ریاستی بجٹ پر اپنے عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اسے حقیقت سے بعید قرار دیا ہے۔ اسمبلی کا سیشن دن بھر کیلئے ملتوی کئے جانے کے بعد کے سی آر نے میڈیا سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں کوئی جان نہیں ہے اور اس میں کسی نئے اقدام کا اعلان نہیں کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں ریاست کی معیشت کی جامع تصویر پیش نہیں کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بجٹ میں کچھ نیا نہیں ہے۔ کے سی آر نے فلاحی اسکیموں کی غیر موجودگی پر تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا طریقہ کار کسانوں کیلئے نقصاندہ ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مجوزہ آئی ٹی پالیسی میں کئی خامیاں ہیں۔ انہوں نے زرعی حکمت عملی کے موثر ہونے پر اپنے شکوک وشبہات کا اظہار کیا۔

بھدرادری کتہ گوڑم ضلع کے بھدراچلم میں دریائے گوداوری میں پانی کی سطح 48فٹ پہنچ گئی ہے جس کے بعد محکمہ آبپاشی کے عہدیداروں نے دوسرا وارننگ سگنل جاری کردیا ہے۔اس سیزن میں پہلی مرتبہ پانی کی سطح وارننگ کا دوسرا سگنل پار کرچکی ہے۔کل رات سے پانی کے بہاؤ میں کمی دیکھی جارہی تھی۔نشیبی علاقوں کی طرف دس لاکھ،اٹھارہ ہزار 806 کیوزیکس پانی چھوڑا جارہا تھا تاہم بعد میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ ہوگیا اور اس سطح میں مزید اضافہ کے امکان کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ کو چوکس کردیا گیا ہے۔چرلہ اوردوموگوڑم منڈلوں میں دریا کے کنارے کئی دیہات زیرآب آگئے ہیں۔کئی دیہاتوں میں آمدورفت متاثر ہوئی۔

☆☆☆☆☆

سپریم کورٹ جج جسٹس سنجیو کھنہ نے کہا ہے کہ لوک عدالتیں یا پیپلز کورٹ تنازعات کی یکسوئی کے متبادل میکانزم کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ لوک عدالتیں روایتی عدالتوں کے باہر تنازعات کی یکسوئی میں اہم رول ادا کرتی ہیں۔آکاش وانی نیوز کو دیئے گئے ایک خصوصی انٹرویو میں جسٹس کھنہ نے فریقین پرزور دیا کہ وہ اس مہینہ کی 29 تاریخ سے آئندہ مہینہ کی 3 تاریخ تک منعقد ہونے والی خصوصی لوک عدالت میں شرکت کریں۔انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کی جانب سے منعقد کی جانے والی اس خصوصی لوک عدالت میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ بھی شرکت کی سہولت فراہم کی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

سنگاریڈی ضلع کے کانڈی منڈل کے تھونی کیلا تانڈے میں آج ایک حادثہ میں تین نوجوان ہلاک ہوگئے۔یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک موٹر بائیک کو جس پر یہ تینوں سفر کررہے تھے،ایک لاری نے پیچھے سے ٹکر ماردی۔ پلکال منڈل کے گنگوجی پیٹا سے تعلق رکھنے والے یہ نوجوان ضلع کے کانڈی منڈل میں اکشیا پاترا فاؤنڈیشن کے لئے کام کرتے تھے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد اور اس کے مضافات کل رات سے بارش کا سلسلہ جاری ہے۔دفتر موسمیات نے شہر کے لئے ایلوالرٹ جاری کیا ہے۔آج دن بھر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔محکمہ موسمیات نے جگتیال،جنگاؤں،کاماریڈی،کریم نگر،محبوب نگر،میدک،میڑچل ملکاجگیری،نلگنڈہ،نارائن پیٹ،نظام آباد،پدا پلی،راجنا سرسلہ،رنگاریڈی،سنگاریڈی اور سدی پیٹ اضلاع میں اکا دکا مقامات کیلئے ایلوالرٹ جاری کیا ہے۔آج صبح تک لنگرحوض میں 9ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔حیدرنگر میں 8.8،یوسف گوڑہ اور گچی باؤلی میں 8.5ملی میٹر بارش ہوئی۔دیگر کئی علاقوں میں بھی ہلکی بارش درج کی گئی۔دفتر موسمیات نے آئندہ پانچ دن تک حیدرآباد میں بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راماراؤ نے دلی کے جنتر منتر پر غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کل اسمبلی میں اپوزیشن بی آر ایس کو چیلنج کیا تھا کہ وہ تلنگانہ کیلئے مرکزی فنڈس کا مطالبہ کرتے ہوئے جنتر منتر پر مرن برت میں شامل ہوجائیں۔کے ٹی آر نے اعلان کیا کہ وہ تیار ہیں اور چیف منسٹر سے کہا کہ وہ جنتر منتر پر احتجاج کی قیادت کریں تاکہ تلنگانہ کیلئے فنڈس کی اجرائی کیلئے مرکز پر دباؤ ڈالا جاسکے۔

☆☆☆☆☆

کانگریس کے قائدین نے مرکزی بجٹ پر ردعمل ظاہر نہ کرنے پر سابق چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔اسمبلی کے احاطہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کے سی آر پر نکتہ چینی کی۔ریاستی وزیر سیتااکا نے کہا کہ کے سی آر ریاستی بجٹ پر اظہار خیال کررہے ہیں لیکن مرکزی بجٹ پر خاموش ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریاستی بجٹ پر کے سی آر کی تنقید سیاسی محرکات کی حامل ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ کے سی آر کے ریمارک بی جے پی کے ساتھ ہاتھ ملانے کی حکمت عملی کا حصہ ہیں۔

☆☆☆☆☆

دلی کی ایک عدالت نے منی لانڈرنگ کیس میں عام آدمی پارٹی کے لیڈر اور دلی کے سابق ڈپٹی چیف منسٹر منیش سیسوڈیا، بھارت راشٹر آسمیتی کی لیڈر کویتا اور دیگر ملزمین کی عدالتی تحویل میں 31 جولائی تک توسیع کردی ہے۔ خصوصی جج کاویری باویجا نے ایکسائز اسکام سے متعلق منی لانڈرنگ اور کرپشن کے معاملات میں چیف منسٹر اروند کجریوال کی تحویل میں بھی توسیع کردی۔

☆☆☆☆☆

سیول سپلائیز اور آبپاشی کے وزیر اُتم کمار ریڈی نے سال 25-2024 کے ریاستی بجٹ کا خیر مقدم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بجٹ میں حیدرآباد کو عالمی درجہ کے شہر میں بدلنے کیلئے ایک واضح ویژن دکھایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف اہم شعبوں کیلئے رقومات کی فراہمی یہ ظاہر کرتی ہے کہ کانگریس حکومت عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے عہد کی پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت میٹرو ریل کو 78.4 کیلومیٹر تک توسیع دینے کیلئے چوبیس ہزار بیالیس کروڑ روپئے خرچ کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔

☆☆☆☆☆